غمِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کہ سنگین بود

حضورِ اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم انتقال پُر ملال سے پہلے چند روز جس وقت مرض میں کچھ تخفیف محسوس کی اور مسجد شریف میں تشریف لے گئے، شدّتِ درد کی وجہ سے سر پر پٹّی بندھی ہوئی تھی، منبر پر جلوہ گر ہوئے اور بیٹھ کر خطبہ دیا، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جمع تھے فرمایا: ''لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اِتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ وَفِيْ رِوَايَةٍ: ''قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى اِتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَاهِمْ مَسَاجِدَ. وَقَالَ لَا تَتَّخِذُوْا قَبْرِيْ وَثَنًا يُّعْبَدُ'' یہود اور نصاریٰ پر اللہ کی لعنت کہ انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مساجد بنالیا، مزید فرمایا تم لوگ میری قبر کو بُت نہ بنانا کہ اس کی پوجا کی جائے۔ (صحیح بخاری و مؤطا امام مالک)

ذرا غور تو کیجیے، کتنا غم تھا، بوجھ تھا قلب مصطفیٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم پر کہ ایسا نہ ہو کہ امت مجھے پوجنے لگے یا ربّ کی صفات میں مجھے شریک کرنے لگیں۔

بڑی بدبختی کی بات ہے کہ بعض نام کے مسلمان کفر، الحاد، شرک اور زندیقیت کی آخری حدود یہ کہہ کر تجاوز کر گئے ہیں، ہزار بار اللہ کی پناہ اور ہزار بار توبہ نقل کفر کفر نباشد کہ ''اللہ اور محمد ایک ہی ذات ہے'' ایسے کہتے اور کہلوانے والوں کا ایمان ختم ہو چکا ہے، نکاح ٹوٹ گیا ہے اور بلا توبہ مرنے کی صورت میں مقابر مسلمین میں اُن کو دفن کرنا جرم عظیم ہے، جو رہزن رہبر کی بھیس میں اس یہودیت، نصرانیت اور زندیقیت اور حُبِّ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نام پر عبدہٗ ورسولہٗ کی شانِ مصطفوی پر حملہ کر رہے ہیں، اس دجّالیت اور فریب کاری سے باز آئیں۔

لوگو! ایک آیت پاک کا انکار جس کا مطلب واضح ہو سببِ کُفر ہے، اللہ پاک کتنے صاف شفاف کلماتِ مبارکات اور آیاتِ بینات میں خاتم المرسلین محمد مدنی صلّی اللہ علیہ وسلّم کو ارشاد فرما رہے ہیں، ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، اَللّٰهُ الصَّمَدُ، لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ'' کہیے اے (محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم) وہ اللہ یکتا ہے، اللہ بے نیاز ہے یعنی وہ کسی کا محتاج نہیں باقی سب اس کے محتاج ہیں، اس کی اولاد نہیں اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے، اور اس کا کوئی ہمسر نہیں، نیز ارشاد ربّانی ہے: ''لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ'' یعنی اللہ جیسا کوئی نہیں اور وہ بہت خوب سننے والا اور بہت خوب دیکھنے والا ہے''۔

www.khanqah.in